http://www

لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں

قارئین اپنا پسندیدہ اخبار ''شہر نامہ''
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

ABC CERTIFIED

وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ
شہر نامہ
اسلام آباد

ایڈیٹر
عائشہ تنویر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 | منگل 13 اکتوبر 2026ء یکم جمادی الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 38

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

پی ٹی آئی میں 40 اراکین اسمبلی استعفے نہیں دینگے، فارورڈ بلاک بنے گا

طارق فضل چوہدری

مولانا فضل الرحمان تحریک انصاف بارے گارنٹی دیں تو ہم ایمرجنسی کے نفاذ کو معطل کر کے دوبارہ مذاکرات کی میز پر بیٹھنے کے لیے تیار ہیں، وفاقی وزیر

پی ٹی آئی کی جلاؤ گھیراؤ کی سیاست ناکام ہو چکی ہے، ان کا اصل چہرہ بے نقاب ہو چکا، لوگ ان کی پالیسز سے تنگ آ چکے ہیں، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی، فیلڈ مارشل عاصم منیر سے برازیلین جوائنٹ چیف آف سٹاف ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے انکشاف کیا کہ ہفتے کی شب ہی فیصلہ ہو گیا تھا کہ اتوار کی صبح کے پی میں ایمرجنسی نافذ کرنی ہے، موجودہ صورتحال میں اس کے علاوہ اور کوئی آپشن نہیں تھا، مولانا فضل الرحمان پی ٹی آئی کو قائل کرنے میں ناکام رہے، مذاکرات اور دھمکیاں ایک ساتھ نہیں چل سکتے، بھارتی میڈیا مولانا فضل الرحمان کے بیان کو پاکستان کے خلاف استعمال کر رہا ہے۔ اپنے انٹرویوز میں طارق فضل چوہدری نے بتایا کہ کابینہ اجلاس سے قبل محسن نقوی نے تجویز دی تھی کہ حتمی کارروائی سے قبل مولانا فضل الرحمان کے ذریعے پی ٹی آئی سے فائنل جواب لیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے محسن نقوی اور اسحاق ڈار کو ٹاسک دیا، جنہوں نے مولانا فضل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری سے آزربائیجان کیلئے پاکستانی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی 13 سالہ نااہلی کا قصور ہے، مریم نواز

خیبر پختونخوا کے بھائیوں اور بہنوں کو 13 سال صرف دھرنا انتشار گالم گلوچ اور سستے ٹرینڈز ملے

اگر پنجاب کی مائیں بے فکر ہیں تو خیبر پختونخوا کی مائیں خوف میں کیوں؟ وہاں وعدے ہوئے کام نہیں، ایکس پر بیان

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی عوام کا نہیں 13 سالہ نااہلی کا قصور ہے۔ سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے بھائیوں اور بہنوں کو 13 سال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

خیبر پختونخوا سے سکیورٹی پر سمجھوتہ نہیں ہوگا

پالیسی اسلام آباد سے آئے گی کابل قندھار سے نہیں، گورنر فیصل کریم کنڈی

امن خراب کرنے والوں کو نہیں چھوڑا جائے گا، 13 سالوں میں کرپشن کرنے والے گرفتار ہوں گے اور جن کے خلاف مقدمات ہیں انہیں بھی حراست میں لیا جائے گا

13 سال کا گند 3 ماہ میں صاف کریں گے، لانگ مارچ والا کنٹینر بے یار و مددگار کھڑا، جس کا ہے آ کر لے جائیں ورنہ ٹی ایم اے کو دے دیں گے، پریس کانفرنس

گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت صوبائی اپیکس کمیٹی اجلاس میں شہداء کیلئے دعا کی جا رہی ہے

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ امن خراب کرنے والوں کو نہیں چھوڑا جائے گا، خیبر پختونخوا کے فیصلے اب اسلام آباد سے ہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

پاکستان نے دہشتگردی کیخلاف جنگ لڑ کر دنیا کو محفوظ بنایا، تارڑ

افغانستان میں 20 ہزار سے زائد شدت پسند موجود ٹی ٹی پی کے 6 ہزار سے زائد جنگجو افغان سرزمین پر پناہ لئے ہوئے ہیں

پاکستان افغانستان میں انتہا پسندی کے خاتمے کا خواہاں، امن و استحکام کیلئے تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا، کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان نے دہشتگردی کیخلاف جنگ لڑ کر دنیا کو محفوظ بنایا، افغانستان میں 20 ہزار سے زائد شدت پسند موجود ہیں جبکہ کالعدم ٹی ٹی پی کے چھ ہزار سے زائد جنگجو افغان سرزمین پر پناہ لئے ہوئے ہیں، افغان رجیم صرف ظلم و بربریت پر یقین رکھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے انسداد دہشت گردی کے بدلتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

پٹرول 3 روپے لٹر سستا، ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ

پیٹرول کی نئی قیمت 395 روپے 37 پیسے فی لیٹر مقرر ہوگئی، نوٹی فکیشن جاری

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کرتے ہوئے پیٹرول سستا اور ہائی سپیڈ ڈیزل مہنگا کر دیا۔ پیٹرول کی قیمت میں 2 روپے 93 پیسے فی لیٹر کمی کر دی گئی، جس کے بعد پیٹرول کی نئی قیمت 395 روپے 37 پیسے فی لیٹر مقرر ہوگئی۔ ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 61 پیسے فی لیٹر اضافہ کیا گیا ہے، جس کے بعد نئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

کراچی میں دفعہ 144 نافذ، اجتماع، جلسے، جلوس پر پابندی عائد

سڑکوں کی بندش، امن و امان کے خدشات کے پیش نظر پابندی عائد رہے گی

کراچی (صباح نیوز) کراچی بھر میں جلسے جلوس ریلی اور پانچ سے زائد افراد کو اجتماعات کرنے پر پابندی عائد کر دی گئی۔ ملک کے سب سے بڑے شہر و معاشی حب کراچی میں امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے کے لیے 20 اکتوبر تک دفعہ 144 نافذ کر دی گئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

پختونخوا میں تبادلے، 6 ڈویژنوں کے کمشنرز تبدیل

ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پرویز کشر کو عہدے سے ہٹا دیا گیا

پشاور (نیوز ایجنسیاں) خیبر پختونخوا کی بیورو کریسی میں بڑے پیمانے پر تبادلے کرتے ہوئے 6 ڈویژنوں کے کمشنرز کی تعیناتیوں اور تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے گئے۔ جاری اعلامیے کے مطابق کمشنر بنوں خالد محمود کو کمشنر پشاور تعینات کر دیا گیا، جبکہ تعیناتی کے منتظر احمد علی شاہ کو کمشنر مردان مقرر کیا گیا ہے۔ اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ سابق سیکرٹری ڈیرہ اسماعیل خان سہیج اللہ کو کمشنر بنوں تعینات کر دیا گیا، جبکہ ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ شاکر اللہ کو کمشنر ہزارہ مقرر کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)



بینکاک، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

فاٹا کے پاس خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگانے کے سوا کوئی راستہ نہیں بچا تھا، اسحاق ڈار

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگانا آسان نہیں تھا، دھرنوں اور احتجاج کے باعث معیشت کو بہت نقصان پہنچتا ہے، نائب وزیراعظم

افغان حکومت سے مطالبہ ہے کہ افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال سے روکا جائے، وزیر خارجہ کا سیمینار سے خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگانا آسان نہیں تھا، وفاقی حکومت کے پاس ایمرجنسی کے سوا کوئی راستہ نہیں بچا تھا، دھرنوں اور احتجاج کے باعث معیشت کو بہت نقصان پہنچتا ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ افغان طالبان نے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی نہ کی تو خود بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

ریئر ایڈمرل شفاعت خان کی وائس ایڈمرل کے عہدے پر ترقی

نیول اسٹاف کالج امریکہ اور نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اسلام آباد سے فارغ التحصیل

شاندار خدمات کے اعتراف میں انہیں ہلال امتیاز (ملٹری) سے نوازا جا چکا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ریئر ایڈمرل شفاعت علی خان کو وائس ایڈمرل کے عہدے پر ترقی دے دی گئی ہے۔ وائس ایڈمرل شفاعت علی خان نے 1993 میں پاکستان نیوی کی آپریشنز برانچ میں کمیشن حاصل کیا۔ فلیگ آفیسر پاکستان نیوی وار کالج لاہور، نیول اسٹاف کالج امریکہ اور نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اسلام آباد سے فارغ التحصیل ہیں۔ وائس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

گورنر راج نفاذ کیخلاف پشاور ہائیکورٹ میں درخواست دائر

ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ غیر آئینی، حکمنامہ معطل کیا جائے، درخواست میں استدعا

پشاور (صباح نیوز) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کیخلاف پشاور ہائی کورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی۔ درخواست سلمان ایڈووکیٹ نے دائر کی ہے جس میں صدر پاکستان، وزیراعظم اور گورنر خیبر پختونخوا کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں کہا گیا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ غیر آئینی، غیر قانونی، بدنیتی پر مبنی، بنیادی حقوق اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

بین الاقوامی ایئر لائنز کے ریاض کیلئے فلائٹ آپریشنز معطل

پاکستان کے تمام ایئر پورٹس سے ریاض کی 28 پروازیں منسوخ کی گئیں

اسلام آباد، ریاض (صباح نیوز) ریاض کے کنگ خالد ایئر پورٹ پر حملوں کے بعد سکیورٹی خدشات کے پیش نظر متعدد خلیجی اور بین الاقوامی ایئر لائنز نے ریاض کے لیے اپنے فلائٹ آپریشن جزوی یا مکمل طور پر معطل کر دیے۔ اسلام آباد ریاض کی پروازیں 753 کو دمام اتارا گیا اور ملک کے تمام ایئر پورٹس سے ریاض کی 28 پروازیں منسوخ کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

بنوں، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، ایک خارجی جہنم واصل

مصدقہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے سکیورٹی فورسز نے خارجی کو ہلاک کیا

راولپنڈی (نیوز ایجنسیاں) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں عزم استحکام ویژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں ایک خارجی دہشت گرد کو جہنم واصل کر دیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق مصدقہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے سکیورٹی فورسز نے خارجی کو ہلاک کیا، علاقے میں خوارج کی موجودگی اور نقل و حرکت پر مسلسل کڑی نظر رکھی جا رہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

کراچی، گورنر سندھ نہال ہاشمی سے وفاقی وزیر سردار یوسف ملاقات کر رہے ہیں

گلگت، غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی میں اضافے کا فیصلہ

سکیورٹی شرائط کی خلاف ورزی پر متعلقہ این او سی منسوخ کرنے کی ہدایت جاری

گلگت (نیوز ایجنسیاں) گلگت بلتستان میں غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی غیر معمولی طور پر سخت کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جبکہ سکیورٹی شرائط کی خلاف ورزی پر متعلقہ این او سی منسوخ کرنے کی ہدایت بھی جاری کر دی گئی ہے۔ اسپکٹر جنرل پولیس گلگت بلتستان ڈاکٹر اکبر ناصر خان کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا، جس میں غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

الیکشن تک بھی ضرورت ہوئی تو گورنر راج رہے گا، اختیار ولی

سہیل آفریدی حفاظتی تحویل میں، اپنے طور پر خود کو حوالے کیا، معاون خصوصی

پشاور (صباح نیوز) وزیراعظم کے معاون خصوصی اختیار ولی نے کہا کہ جہاں تک ضرورت ہے، وہاں تک گورنر راج نافذ رہے گا۔ اگر الیکشن تک بھی ضرورت ہوئی تو گورنر راج کا نفاذ جاری رہے گا۔ تاہم الیکشن مقررہ وقت پر ہوں گے اور اس میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی۔ اختیار ولی نے سہیل آفریدی سے متعلق بیان میں کہا کہ وزیراعلیٰ ہوں یا ایم پی ایز وہ تو پہلے ہی معطل تھے۔ اسمبلی کام کر ہی نہیں رہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی حفاظتی تحویل میں ہیں اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

فون: 0333-5196088 : 0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

ایڈیٹوریل

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ!

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کر دیا گیا ہے۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ایمرجنسی کے نفاذ کی سمری پر دستخط کیے جو کہ وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد وزیرِ اعظم ہاؤس سے صدرِ مملکت کو بھجوائی گئی تھی۔ ایمرجنسی نافذ ہونے کے بعد وفاقی حکومت گورنر خیبر پختونخوا کو صوبائی حکومت کے تمام یا بعض اختیارات سنبھالنے کی ہدایت دے سکے گی، گورنر تفویض کردہ اختیارات اور فرائض سرانجام دیں گے جبکہ کے پی اسمبلی کے اختیارات پارلیمان یا اُس کے اختیار کردہ ادارے کے ذریعے استعمال کیے جائیں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق وزیرِ اعلیٰ کے پی، صوبائی وزراء، مشیران، معاونینِ خصوصی اور ایڈووکیٹ جنرل فوری طور پر اپنے عہدے چھوڑ دیں گے۔ صوبے میں گورنر راج اور 12 اضلاع میں ایمرجنسی کے نفاذ کے فوراً بعد چیف سیکرٹری سمیت پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے 15 افسروں کو بھی تبدیل کر دیا گیا تا کہ صوبے کا نظم و نسق قائم رکھا جا سکے۔ نئے انتظام کے مطابق گورنر کے ماتحت 11 اراکین پر مشتمل مشاورتی کونسل بنائی گئی ہے جس میں پاکستان کی پہلی خاتون جنرل لیفٹیننٹ جنرل (ر) نگار جوہر سمیت مختلف ٹیکنوکریٹ شامل کیے گئے ہیں۔ نئے انتظام میں آٹھ قبائلی اضلاع سمیت 12 اضلاع کیلئے درجنوں افراد پر مشتمل ایریا ڈویلپمنٹ کونسل قائم کی جائے گی۔ وفاقی حکومت نے سول انتظامیہ کی معاونت کے لئے آئین کے آرٹیکل 245 کے تحت جب تک ایمرجنسی رہے گی تب تک پاک فوج کے دستوں اور وسائل کی تعیناتی کی منظوری بھی دے دی۔ وزیرِ اعظم ہاؤس کے اعلامیے کے مطابق وفاقی کابینہ کے اجلاس میں کے پی میں اَمن وامان اور دہشت گردی کی بگڑتی صورتحال پر بریفنگ دی گئی جس میں کہا گیا کہ دہشت گردی میں مسلسل اضافہ خیبر پختونخوا کی سیکورٹی کے لیے سنگین اور تشویشناک چیلنج بن چکا ہے۔ وزیرِ اعظم شہباز شریف نے کہا کہ صوبائی حکومت نے اسلام آباد پر چڑھائی کا منصوبہ بنایا، یہ دوبارہ پاکستان کو تباہی کے دہانے کی طرف لے جانا چاہتے ہیں۔ وزیرِ اعظم کا کہنا تھا کہ کے پی میں سی ٹی ڈی اور پولیس کو مضبوط نہیں کیا گیا، صوبائی حکومت دہشت گردوں کا مقابلہ کرنے کے بجائے خاموش ہے اور ان کے خلاف ایک لفظ نہیں بولتی، افواجِ پاکستان چن چن کر دہشت گردوں کو جہنم رسید کر رہی ہیں۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ معیشت کے اشاریے دن بدن بہتر ہو رہے ہیں لیکن یہ پاکستان کا حشر نشر کرنا چاہتے ہیں۔ کابینہ نے خیبر پختونخوا میں اَمن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اجلاس میں پیش کردہ رپورٹ کے مطابق گزشتہ دو سال کے دوران کے پی میں دہشت گرد حملوں کی تعداد میں بے پناہ اضافہ ہوا، افغانستان میں موجود دہشت گرد عناصر اور مقامی سہولت کاروں کی وجہ سے خطرات بڑھے۔ صوبائی حکومت کی ناقص پالیسی اور دہشت گردوں کیلئے نرم گوشے نے خطرات میں اضافہ کیا، انسدادِ دہشت گردی کے موثر اقدامات کی کمی سے دہشت گرد عناصر کو جگہ بنانے کا موقع ملا۔ رپورٹ میں دیے گئے اعداد و شمار کے مطابق صوبے میں مارچ 2024ء سے 23 ستمبر 2026ء تک دہشت گردی کے واقعات 195 فیصد بڑھے جبکہ رواں سال دہشت گرد حملوں میں 73 فیصد نشانہ پولیس اور سکیورٹی ادارے بنے۔ دہشت گردوں کی طرف سے ڈرون کے استعمال میں تشویشناک اضافہ ہوا، 2024ء میں پولیس اور سکیورٹی اداروں پر کوئی ڈرون حملہ رپورٹ نہیں ہوا، لیکن رواں سال ڈرون حملوں کی تعداد 170 تک پہنچ گئی۔ دہشت گردی کے مقابلے میں پولیس اور سکیورٹی اداروں کی استعداد بڑھانا ناگزیر ہے، سیف سٹی منصوبہ تاحال صرف پشاور تک محدود ہے۔ مزید کہا گیا کہ کے پی پولیس میں 9 ہزار سے زائد آسامیاں خالی ہیں، پولیس اور سی ٹی ڈی کو جدید ہتھیاروں اور آپریشنل سامان کی شدید کمی کا سامنا ہے، جنوبی اضلاع میں بکتر بند اور محفوظ گاڑیوں کی کمی ہے جس سے پولیس کی نقل و حرکت اور آپریشنل صلاحیت متاثر ہے، پولیس اور سی ٹی ڈی کے پاس جدید سرویلنس اور انٹیلی جنس آلات ناکافی ہیں، نائٹ ویژن اور تھرمل امیجنگ آلات بھی مطلوبہ تعداد میں دستیاب نہیں جبکہ ضم شدہ اضلاع کی پولیس کو مطلوبہ تربیت، وسائل اور استعدادِ کار کی شدید کمی کا سامنا ہے۔ دہشت گردی کیخلاف جنگ سے کے پی حکومت کی دانستہ لاتعلقی کے پیشِ نظر وفاقی کابینہ نے وزیرِ اعظم کو خیبر پختونخوا میں آئین کے تحت ایمرجنسی کی تجویز دی۔ خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ گورنر راج پورے صوبے جبکہ ایمرجنسی صرف 12 اضلاع میں لگائی گئی ہے۔

وفاقی حکومت، ادارے اور اسٹیبلشمنٹ کے مطابق دہشت گردی کے خلاف جنگ کے حوالے سے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کا ہمیشہ ہی سے یہ بیانیہ رہا ہے کہ دہشت گردی کی یہ جنگ مسلط کردہ ہے اور ڈالروں کے لئے لڑی جا رہی ہے۔ اسٹیبلشمنٹ کا موقف ہے کہ جب تک خیبر پختونخوا میں بیٹھے لوگ، پاکستان کے اندرونی مسائل کے حل کیلئے افغانستان کی طرف دیکھتے رہیں گے تب تک یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ خیبر پختونخوا کے عوام اب مزید خوارج اور ٹی ٹی پی دوست ماحول میں نہیں رہ سکتے۔ وہ ٹی ٹی پی کے فتنے کو ختم کرنے کیلئے پوری یکسوئی سے لڑنا چاہتے ہیں، صوبے میں ایسی قیادت کی ضرورت ہے جو عوام کے شانہ بشانہ دہشت گردی کے خلاف جنگ ہم آہنگی اور قوت سے لڑے، اب وہاں وہ قیادت ہوگی جو اپنے مفادات کی خاطر نہیں بلکہ صرف پاکستان اور اس کے مفادات کو دیکھے گی، کے پی میں اب کسی انتشاری، فسادی یا دہشت گردی میں لپٹے نظریوں کی کوئی جگہ نہیں ہے۔ پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے ایمرجنسی کے نفاذ کو سنگین سیاسی غلطی اور عوام کے حقوق کے خلاف اقدام قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ عوام اپنے حقوق کے خلاف اقدامات بھی قبول نہیں کریں گے، یہ فیصلہ چند دِنوں میں واپس لیکر ملک کو مزید سیاسی و معاشی نقصان سے بچایا جا سکتا ہے اگر فیصلے پر نظرِ ثانی نہ ہوئی تو ملک کو بہت نقصان ہوگا۔

وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا حکومت کے ساتھ مذاکرات کو کامیاب بنانے کی ہر ممکن کوشش کی۔ اس کا مؤقف تھا کہ بہتر یہی ہے کہ ایسے اقدام کی نوبت نہ آئے، تاہم کوششیں نتیجہ خیز نہ ہو سکیں۔ وزیرِ داخلہ کے بقول، وفاقی حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان تمام معاملات طے پا جانے کے باوجود سابق وزیرِ اعلیٰ سہیل آفریدی نے کسی وجہ کے بغیر معاہدہ ویٹو کر دیا۔ وفاقی حکومت کا یہ قدم غیر آئینی نہیں قرار دیا جا سکتا۔ یہ کڑوا گھونٹ ہے جسے پینا پڑ گیا، لیکن اِس کا مطلب ہرگز نہیں ہے کہ سیاسی مکالمے کی ضرورت ختم ہوگئی ہے۔ حکومت کو پی ٹی آئی کے ساتھ بات چیت کا سلسلہ جاری رکھنا چاہئے کوشش یہی ہونی چاہئے کہ کشیدگی میں اضافہ نہ ہو، سیاسی عمل آگے بڑھے اور صوبے میں اَمن وامان کی بہتری کی راہ ہموار ہو سکے۔

عنوان: لائبہ کو انصاف دو

"ماموں، بابا کو کچھ مت بتانا وہ یہ صدمہ برداشت نہیں کر پائیں گے۔"

یہ وہ آخری جملہ تھا جو اسلامی انٹرنیشنل یونیورسٹی کی ایک گولڈ میڈلسٹ بیٹی لائبہ نے دنیا چھوڑنے سے پہلے اپنے ماموں کو بھیجا۔ ایک ایسی بچی جو زندگی بھر اپنے والد کا فخر رہی، وہ چند بے ضمیر لوگوں کی دھوکے بازی کا بوجھ نہ سہہ سکی اور ہمیشہ کے لیے خاموش ہوگئی۔

لائبہ ایک غریب دودھ بیچنے والے کی بیٹی تھی۔ باپ نے اپنی پوری زندگی سخت محنت اور مشقت میں کاٹ دی تھی، لیکن اس کی ایک ہی خواہش تھی کہ جو کچھ اس نے سہا، اس کی بیٹی کو نہ سہنا پڑے۔ اس نے پیٹ کاٹ کاٹ کر پیسے جوڑے اور اپنی بیٹی کو اسلام آباد پڑھنے بھیجا۔

لائبہ بھی بہت محنتی اور ذہین تھی۔ اس نے اپنے باپ کے ایک ایک روپے اور بھروسے کی قدر کی۔ وہ ہر سمسٹر میں ٹاپ کرتی رہی اور آخر کار بی ایس (BS) میں گولڈ میڈل حاصل کر کے اپنے باپ کا سر فخر سے اونچا کر دیا۔ باپ (اعجاز) کی خوشی کا اندازہ لگانا مشکل نہ تھا؛ وہ ہر ملنے والے کو بڑی شان سے بتاتا کہ میری بیٹی نے پوری یونیورسٹی میں پہلا نمبر لیا ہے۔ یوں لگا جیسے اس غریب گھرانے کی سالوں کی محنت رنگ لے آئی ہو۔

لیکن لائبہ جانتی تھی کہ ہمارے معاشرے میں صرف ڈگری یا میڈل مل جانا ہی کافی نہیں ہوتا۔ وہ اپنے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے بیرونِ ملک سے مزید تعلیم حاصل کرنا چاہتی تھی۔ اس نے اپنے باپ سے بات کی، اور باپ نے ہمیشہ کی طرح اپنی بیٹی کی ہمت بڑھاتے ہوئے کہا "بیٹا! تم پیسے کی فکر نہ کرو، سب ہو جائے گا۔"

باپ نے بغیر کسی ہچکچاہٹ کے اپنا سب کچھ لوٹا دیا۔ وہ شدید صدمے اور ڈپریشن میں چلی گئی، اور پھر ایک دن جب دکھ برداشت سے باہر ہو گیا، تو اس نے یہ آخری پیغام بھیجا اور اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ ہمارے معاشرے میں آج بے شمار لوگ فراڈ اور دھوکہ دہی کا شکار ہو رہے ہیں۔ کسی سے زندگی بھر کی جمع پونجی چھین لی جاتی ہے، کسی کا کاروبار برباد کر دیا جاتا ہے اور کسی کو اس قدر ذہنی اذیت پہنچتی ہے کہ وہ خودکشی جیسے انتہائی قدم پر مجبور ہو جاتا ہے۔

ہر شخص کی برداشت اور حالات ایک جیسے نہیں ہوتے۔ کچھ لوگ صبر کر لیتے ہیں، لیکن کچھ لوگ اس صدمے کو برداشت نہیں کر پاتے۔ افسوسناک بات یہ ہے کہ اکثر فراڈ کرنے والے لوگ اپنی طاقت، تعلقات اور اثر و رسوخ کی وجہ سے کھلے عام گھومتے پھرتے ہیں، جبکہ متاثرہ شخص درخواستیں لیے تھانوں اور کچہریوں کے چکر کاٹتا رہتا ہے۔ کئی بار ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جس شخص کے ساتھ جرم ہوا، سوالات بھی اسی سے کیے جاتے ہیں اور اسے ہی بار بار پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جبکہ اصل ملزم آزادانہ گھوم رہا ہوتا ہے

سوچ سوچ کر گھلنے لگی کہ وہ اپنے باپ کا سامنا کیسے کرے گی جس نے اس کے لیے اپنا سب کچھ لوٹا دیا۔ وہ شدید صدمے اور ڈپریشن میں چلی گئی، اور پھر ایک دن جب دکھ برداشت سے باہر ہو گیا، تو اس نے یہ آخری پیغام بھیجا اور اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ ہمارے معاشرے میں آج بے شمار لوگ فراڈ اور دھوکہ دہی کا شکار ہو رہے ہیں۔ کسی سے زندگی بھر کی جمع پونجی چھین لی جاتی ہے، کسی کا کاروبار برباد کر دیا جاتا ہے اور کسی کو اس قدر ذہنی اذیت پہنچتی ہے کہ وہ خودکشی جیسے انتہائی قدم پر مجبور ہو جاتا ہے۔

ہر شخص کی برداشت اور حالات ایک جیسے نہیں ہوتے۔ کچھ لوگ صبر کر لیتے ہیں، لیکن کچھ لوگ اس صدمے کو برداشت نہیں کر پاتے۔ افسوسناک بات یہ ہے کہ اکثر فراڈ کرنے والے لوگ اپنی طاقت، تعلقات اور اثر و رسوخ کی وجہ سے کھلے عام گھومتے پھرتے ہیں، جبکہ متاثرہ شخص درخواستیں لیے تھانوں اور کچہریوں کے چکر کاٹتا رہتا ہے۔ کئی بار ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جس شخص کے ساتھ جرم ہوا، سوالات بھی اسی سے کیے جاتے ہیں اور اسے ہی بار بار پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جبکہ اصل ملزم آزادانہ گھوم رہا ہوتا ہے

یہ صرف ایک لائبہ کی کہانی نہیں ہے، بلکہ ہمارے اردگرد کا ایک کڑوا سچ ہے۔ ویزا اور ایجوکیشن کنسلٹنٹس کے نام پر بیٹھے یہ فراڈیے روزانہ کتنے ہی بچوں کے مستقبل اور ان کے والدین کی زندگی بھر کی کمائی کو لوٹ رہے ہیں۔ ان لوگوں کو ذرا بھی احساس نہیں ہوتا کہ جن پیسوں کو وہ لوٹ رہے ہیں، وہ کسی باپ کے خون پسینے کی کمائی ہے۔ جب تک ان سفاک ایجنٹوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی نہیں ہوگی اور انہیں عبرت کا نشان نہیں بنایا جائے گا، تب تک نہ جانے اور کتنی لائبہ اپنے خوابوں کو ٹوٹتا دیکھ کر زندگی کی بازی ہارتی رہیں گی۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ لائبہ کی موت کے تمام پہلوؤں کی شفاف تحقیقات کی جائیں، مبینہ فراڈ کے الزامات کی مکمل چھان بین ہو اور اگر کسی فرد کا جرم ثابت ہو تو اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔

لائبہ کے خاندان کو انصاف ملنا چاہیے اور ایسے مؤثر اقدامات ہونے چاہئیں تاکہ کسی دوسرے والد کو اپنی بیٹی کے خواب پورے کرنے کے لیے اپنی جمع پونجی گنوانے کے بعد ایسے دردناک سانحے کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

اللہ تعالیٰ لائبہ کی مغفرت فرمائے، اس کے اہلِ خانہ کو صبر عطا کرے اور انہیں انصاف نصیب فرمائے۔ آمین!

نوجوان ڈپریشن کا شکار کیوں ہیں؟

جب کوئی معاشرہ اپنے بنیادی فکری محور، اخلاقی ضابطوں اور باطنی اقدار سے کٹ کر محض مادی نمود و نمائش کا اسیر ہو جاتا ہے، تو وہاں سب سے پہلا وار نسلِ نو کی روح پر پڑتا ہے۔ آج جب میں اپنے اردگرد بکھرے ہوئے اس المناک منظر نامے کو دیکھتا ہوں، جہاں کالجوں اور یونیورسٹیوں کے کشادہ احاطوں میں گھومنے والے، جوانی کی دہلیز پر قدم رکھنے والے ہمارے نوخیز لڑکے اور لڑکیاں، جن کے چہروں پر امیدوں کے آفتاب چمکنے چاہیے تھے، وہ اندر سے اس قدر کھوکھلے، اداس اور مایوسی کی گھنی تاریکیوں میں ڈوبے نظر آتے ہیں کہ دل خون کے آنسو روتا ہے۔ ہر دوسرا نوجوان آج ذہنی تناؤ، فرسٹریشن اور ڈپریشن کی اس بھیانک چکی میں پس رہا ہے جہاں اس کی صلاحیتیں، اس کے خواب اور اس کی جوانی سسک سسک کر دم توڑ رہی ہیں۔ کیا کبھی کسی نے سنجیدگی سے یہ سوچنے کی زحمت کی کہ اس زہر آلود اور بے رحم دور میں آخر ہمارا نوجوان اس شدید ذہنی دباؤ اور ڈپریشن کا شکار کیوں ہے؟ آیئے، اس المیے کی تہوں میں اتر کر اس کی اصل وجوہ*ات اور تلخ حقائق کا ایک بے باک اور سائنسی محاسبہ کرتے ہیں۔ اس فکری زوال کی سب سے پہلی اور بنیادی وجہ ہمارے روایتی، فرسودہ اور اندھے تعلیمی نظام کا وہ ظالمانہ ڈھانچہ ہے جو انسان کو ڈگری ہولڈر تو بنا دیتا ہے لیکن اسے جینے کا سلیقہ نہیں سکھاتا۔ ہمارے تعلیمی ادارے نوجوانوں کے ذہنوں میں رٹے رٹائے الفاظ کا انبار تو لگا دیتے ہیں، لیکن ان کے اندر زندگی کی کٹھن حقیقتوں کا مقابلہ کرنے کا حوصلہ پیدا نہیں کرتے۔ ہم نے بچوں کو ڈاکٹر، انجینئر اور مینیجر بننے کی دوڑ میں تو جھونک دیا، لیکن انہیں یہ بھی نہیں سکھایا کہ اگر وہ اس دوڑ میں پیچھے رہ جائیں یا ناکام ہو جائیں، تو انہیں ہار کو کیسے قبول کرنا ہے۔ جب ایک نوجوان لاکھوں روپے خرچ کر کے اور راتیں جاگ کر ڈگری حاصل کرتا ہے، اور اس کے بعد جب وہ عملی میدان میں اترتا ہے، تو اسے پتہ چلتا ہے کہ مارکیٹ میں اس کے ہنر کی نہیں بلکہ سفارش کی قیمت ہے۔ بے روزگاری کا یہ عفریت، میرٹ کا یہ جنازہ اور ڈگریوں کے انبار اٹھائے دردر کی ٹھوکریں کھانے کا یہ المیہ نوجوان کے اعصاب کو اندر سے چاٹ لیتا ہے اور وہ آہستہ آہستہ ڈپریشن کی دلدل میں دھنستا چلا جاتا ہے۔ اس ذہنی عذاب کا دوسرا سب سے بڑا اور خطرناک سبب آج کی یہ جدید ڈیجیٹل دنیا اور سوشل میڈیا کی مصنوعی چکاچوند ہے۔ اسکرینوں کی اس زہریلی دنیا نے ہمارے نوجوانوں کے ہاتھ میں ایسا جادو ٹونا تھما دیا ہے جو ان سے ان کا سکون، ان کا چین اور ان کا حال چھین رہا ہے۔ انسٹاگرام، ٹک ٹاک اور فیس بک کے اس غلاظت زدہ بازار میں ہر شخص اپنی زندگی کی صرف جھوٹی، چمکدار اور پرآسائش تصویر دکھا رہا ہے۔ کوئی مہنگی گاڑی میں بیٹھا ہے، کوئی بیرونِ ملک سیر کر رہا ہے، اور کوئی راتوں رات شہرت کی بلندیوں کو چھو رہا ہے۔ ایک عام اور متوسط گھرانے کا نوجوان جب بستر پر لیٹ کر یہ جھوٹے سورج دیکھتا ہے، تو وہ اپنے کمرے کی ٹپکتی ہوئی چھت، اپنی مفلس اور تھکی ہوئی ماں اور اپنے بوڑھے باپ کے پسینے سے بھیگے ہوئے کپڑوں کا موازنہ اسکرین کی اس جھوٹی دنیا سے کرتا ہے۔ وہ یہ سمجھ بیٹھتا ہے کہ اس کی زندگی ناکام ہے، اس کے پاس کچھ نہیں ہے، اور وہ دوسروں سے پیچھے رہ گیا ہے۔ یہی احساسِ کمتری، یہی کمپیریزن* (Comparison) اور یہی جھوٹا موازنہ نوجوان کی ذہنی صحت کا سب سے بڑا قاتل بن جاتا ہے۔ میرے محترم استاد اور مرشد سید قاسم علی شاہ اکثر اس حقیقت کو بڑی دردمندی سے بیان کرتے ہیں کہ "آج کا نوجوان بیرونی دنیا کے طوفانوں سے کم اور اپنی ذات کے اندر چلنے والی جنگ سے زیادہ ہار رہا ہے۔" ہمارے معاشرے میں خاندانی دباؤ اور بزرگوں کی غیر حقیقی توقعات کا بوجھ بھی اس ڈپریشن کو ہوا دیتا ہے۔ والدین اپنی ادھوری خواہشات، اپنے ٹوٹے ہوئے خواب اور اپنی انا کی تسکین کا سارا بوجھ اپنے بچوں کے کمزور کندھوں پر لاد دیتے ہیں۔ جب ایک نوجوان سے یہ کہا جاتا ہے کہ تمہیں ہر حال میں فرسٹ پوزیشن لینی ہے، تمہیں سول سرونٹ بننا ہے، اور تمہیں معاشرے میں فلاں مقام حاصل کرنا ہے، تو وہ بیچارہ اپنی خوشی، اپنی صلاحیت اور اپنے شوق کا گلا گھونٹ کر اس دوڑ میں بھاگنے لگتا ہے۔ اور جب وہ کسی مقام پر لڑکھڑا جاتا ہے یا توقعات پر پورا نہیں اترتا، تو اپنوں کے طعنے، معاشرے کی حقارت آمیز نگاہیں اور رشتہ داروں کے طنزیہ جملے اس کے اعصاب کو ریزہ ریزہ کر دیتے ہیں۔ وہ کسی سے اپنے دل کا حال کہہ نہیں سکتا، اپنے کمرے کے دروازے بند کر کے اندر ہی اندر گھٹتا رہتا ہے، اور یوں ڈپریشن اس کا مقدر بن جاتا ہے۔



اس کے علاوہ، اخلاقی، روحانی اور خاندانی رشتوں کا زوال بھی اس ذہنی اضطراب کی ایک بڑی جڑ ہے۔ آج ہمارے گھروں سے وہ مکالمہ، وہ اپنائیت اور وہ شفقت غائب ہو چکی ہے جو کبھی بچوں کے دلوں کا بوجھ ہلکا کرتی تھی۔ ماں باپ کے پاس بچوں کے لیے وقت نہیں ہے، اور بچوں کے پاس والدین کے ساتھ بیٹھنے کی فرصت نہیں۔ پہلے گھر ایک پناہ گاہ ہوتے تھے جہاں دن بھر کی تھکن اور ناکامیوں کے بعد انسان جب لوٹتا تھا تو ماں کا ہاتھ اس کے سر پر پھرتا تھا، باپ کی ایک مسکراہٹ اس کی آدھی تھکن دور کر دیتی تھی، اور بہن بھائیوں کا پیار اس کے زخموں پر مرہم رکھ دیتا تھا۔ آج گھر بھی ایک فائیو سٹار ہوٹل بن چکا ہے جہاں چار لوگ ایک ہی چھت کے نیچے الگ الگ اسکرینوں میں منہ دیے بیٹھے ہیں، مگر ان کے دلوں کے درمیان ہزاروں میل کی دیواریں حائل ہیں۔ جب ایک نوجوان پر کوئی مشکل وقت آتا ہے، جب اس کا دل ٹوٹتا ہے، جب اس کا کوئی اپنا اسے دھوکہ دیتا ہے، تو اس کے پاس رونے کے لیے کوئی کندھا نہیں ہوتا۔ وہ اپنی تنہائی کے اس زہر کو اکیلے پیتا ہے، جو آہستہ آہستہ اس کی روح کو مفلوج کر دیتا ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس بھیانک اندھیرے سے نکلنے کا راستہ کیا ہے؟ کیا ہمارے نوجوانوں کا یہی انجام ہے؟ ہرگز نہیں! اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہماری نسل اس ذہنی اذیت اور ڈپریشن کے پنجے سے آزاد ہو، تو ہمیں سب سے پہلے اپنی فکری بنیادوں کو درست کرنا ہوگا۔ سب سے پہلے نوجوانوں کو یہ سمجھنا ہوگا کہ زندگی کوئی انسٹاگرام کی ریل نہیں ہے جس میں ہر وقت موسیقی بجتی رہے اور سب کچھ پرفیکٹ ہو۔ زندگی جدوجہد کا نام ہے، اس میں ناکامیاں بھی ہیں، آنسو بھی ہیں، ٹھوکریں بھی ہیں، اور یہی مشکلات انسان کے کردار کو فولاد بناتی ہیں۔

ہمیں اپنے بچوں کو یہ سکھانا ہوگا کہ وہ دوسروں کی جھوٹی زندگیوں سے اپنا موازنہ کرنا چھوڑ دیں اور اپنی ذاتی صلاحیتوں پر یقین رکھیں۔ والدین کو بھی اپنا رویہ بدلنا ہوگا۔ اپنے بچوں کو جج کرنا بند کریں، ان کی تعریف کریں، ان کی چھوٹی چھوٹی کامیابیوں کا جشن منائیں، اور ناکامی کی صورت میں انہیں گلے لگائیں، طعنے نہ دیں۔ اور سب سے بڑھ کر، ہمارے نوجوانوں کو اپنے خالق کے ساتھ اپنا رشتہ مضبوط کرنا ہوگا۔ جب انسان کا دل اپنے رب کے ساتھ جڑ جاتا ہے، جب وہ سجدے میں جا کر اپنے تمام دکھ اپنے مولا کے سامنے انڈیل دیتا ہے، تو دنیا کا کوئی ڈپریشن، کوئی غم اور کوئی ناکامی اسے اندر سے توڑ نہیں سکتی۔ رب کی یاد میں ہی دلوں کا اصل سکون پوشیدہ ہے۔ حاصلِ کلام اور فکرِ فردا کا حتمی نچوڑ یہی ہے کہ ڈپریشن کوئی لاعلاج بیماری نہیں ہے، بلکہ یہ ایک فکری بھٹکن اور تعلق کی کمزوری کا نتیجہ ہے۔ آؤ! اپنے نوجوانوں کا ہاتھ پکڑیں، انہیں اس مصنوعی دنیا اور جھوٹے معیاروں کی دلدل سے نکال کر حقیقت کی روشن زمین پر لائیں، انہیں محبت کا درس دیں، انہیں خود شناسی سے آشنا کریں، اور اس معاشرے کو ایک بار پھر محبت، اخلاص اور سکون کا گہوارہ بنا دیں کیونکہ انہی نوجوانوں کے بازوؤں پر ہماری آنے والی نسلوں کی عزت، بقا اور عروج کا سارا دارومدار ہے!

پاک فوج نے بھارت کا ایک اور فالس فلیگ آپریشن بے نقاب کر دیا

پاکستانی فوج نے ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی حالیہ پریس کانفرنس کے ذریعے 29 ستمبر کو مقبوضہ کشمیر میں بھارت کے ایک اور مبینہ فالس فلیگ آپریشن کو مسترد کر دیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق بھارت نے دعویٰ کیا تھا کہ اس نے لشکرِ طیبہ کے جنگجو محمد آصف المعروف ہاشم موسیٰ یا آصف فوجی کو تین ساتھیوں سمیت ہلاک کر دیا ہے، جبکہ بھارتی رپورٹس میں الزام لگایا گیا تھا کہ وہ حملوں میں ملوث اور سروس نمبر کا حامل ایک پاکستانی اسپیشل سروس گروپ کا ہینڈلر تھا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے آصف کو زندہ میڈیا کے سامنے پیش کر کے اس دعوے کو چیلنج کر دیا۔ آصف نے اپنی شناخت اٹک کے علاقے پنڈی گھیب سے تعلق رکھنے والے پاکستان آرمی کے ایک ریٹائرڈ ایس ایس جی حوالدار کے طور پر کی اور بتایا کہ وہ 2023 میں ریٹائر ہوئے، بعد میں ایک سیکیورٹی کمپنی میں کام کیا اور اب راولپنڈی میں رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہیں دوستوں اور سوشل میڈیا سے معلوم ہوا کہ بھارتی افواج نے مبینہ طور پر انہیں ہلاک کر دیا ہے، انہوں نے عسکریت پسندانہ سرگرمیوں میں ملوث ہونے یا ہینڈلر ہونے کی تردید کی، اپنے زندہ ہونے کی تصدیق کی اور کہا کہ وہ پاکستان کے لیے خدمات انجام دینے کے لیے اب بھی تیار ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے بھارت پر پاکستان کے خلاف دہشت گرد تنظیموں کی سرپرستی کرنے کا بھی الزام عائد کیا، جسے بھارت بارہا مسترد کرتا رہا ہے اور ایسے آپریشنز کی چھ مبینہ وجوہات بیان کیں: پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنا، مقبوضہ کشمیر اور وہاں بھارتی اقدامات سے توجہ ہٹانا، خطے میں سیکیورٹی کی بڑی موجودگی کا فائدہ اٹھانا، بھارت کے داخلی معاشی، سماجی اور سیاسی مسائل سے دھیان ہٹانا، بھارتی فوج کو سیاست زدہ کرنا اور ہندوتوا نیز اس طرزِ عمل کو فروغ دینا جسے پاکستان ریاست کی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی قرار دیتا ہے۔ انہوں نے پلوامہ اور پہلگام کو بھی ایسے سابقہ واقعات کی مثال کے طور پر پیش کیا جن میں بھارت نے قابلِ اعتماد ثبوتوں یا مناسب تحقیقات کے بغیر پاکستان پر الزام تراشی کی اور خبردار کیا کہ پاکستان کے خلاف کسی بھی بھارتی اقدام کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔

پریس کانفرنس میں پاکستان سعودی عرب تعلقات، داخلی حسنِ انتظام، انسدادِ دہشت گردی اور علاقائی سیکیورٹی پر بھی بات کی گئی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے سعودی عرب کے ساتھ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا، جبکہ یہ بھی کہا کہ دفاعی تعاون کی تفصیلات صیغہ راز میں ہیں اور بیان کیا کہ سعودی عرب اور اس کی قیادت کی حفاظت کے لیے پاکستان کا عزم متزلزل نہیں ہوگا، جو دونوں ممالک کے قریبی سیکیورٹی تعلقات اور جاری تعاون کی عکاسی کرتا ہے۔ داخلی امور پر انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت اور صوبوں کے درمیان تعلقات وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہیں اور اس بات پر زور دیا کہ فوج سیاسی ادارے کے طور پر کام کرنے کے بجائے آئین اور ریاستی احکامات کے تحت کام کرتی ہے، جبکہ اس کا کردار حکومت چلانا یا سیاسی تنازعات میں مداخلت کرنا نہیں بلکہ قومی دفاع ہے۔ دہشت گردی کے معاملے پر انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سیاسی مفادات کو انسدادِ دہشت گردی کی کوششوں پر غالب نہیں آنا چاہیے اور دہشت گردی کے خلاف ملک کی طویل جدوجہد کے دوران پاکستانی فوجیوں

میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

اور شہریوں کو پہنچنے والے بھاری جانی نقصان، معاشی نقصان اور سماجی دباؤ کی طرف اشارہ کیا۔ انہوں نے 2014 میں آرمی پبلک اسکول پر حملے کے بعد تیار کیے گئے نیشنل ایکشن پلان کا حوالہ دیا اور خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں درپیش جاری سیکیورٹی چیلنجز کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بی ایل اے اور ٹی ٹی پی کو قومی سلامتی کے لیے یکساں طور پر کالعدم خطرات سمجھتا ہے اور کہا کہ دونوں کو افغان طالبان کی طرف سے مدد حاصل ہوتی ہے۔ انہوں نے افغان شہریوں اور افغانستان کے حکمرانوں کے درمیان فرق واضح کرتے ہوئے کہا کہ عام افغان دشمن کے بجائے پڑوسی ہیں، جبکہ افغان حکام کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال ہونے سے روکیں۔ انہوں نے افغان طالبان پر مالی فوائد کے لیے مختلف ایجنسیوں کے مفادات کے لیے کام کرنے کا الزام بھی لگایا اور ان پر زور دیا کہ وہ اپنے اقدامات کے نتائج پر غور کریں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے اس بات پر بات ختم کی کہ پاکستان، اس کی افواج اور اس کے عوام قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، جسے انہوں نے سب سے مقدم قرار دیا۔

پوری قوم پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہے اور یہ صرف ایک نعرہ نہیں بلکہ ایک حقیقت ہے۔ پاکستان کے عوام نے اپنے جوانوں کی قربانیاں اور جذبہ دیکھا ہے اور وہ جانتے ہیں کہ فوج ہر اندرونی و بیرونی خطرے سے نمٹنے کے لیے تیار ہے۔ قوم کو اپنی

ہوا۔

تصویر نمبر 43

ٹیکس گوشوارے جمع کرائے۔

تصویر نمبر 42

ہوا۔ پولیس کے مطابق ملزم کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔

تصویر نمبر 41

ہوئی۔

تصویر نمبر 36

تصویر نمبر 38

تصویر نمبر 39

تصویر نمبر 40

تصویر نمبر 37

تصویر نمبر 32

تصویر نمبر 33

تصویر نمبر 34

تصویر نمبر 35

تصویر نمبر 30

تصویر نمبر 31

تصویر نمبر 28

تصویر نمبر 29

تصویر نمبر 26

تصویر نمبر 27

تصویر نمبر 24

تصویر نمبر 25

تصویر نمبر 22

تصویر نمبر 23

تصویر نمبر 20

تصویر نمبر 21

تصویر نمبر 16

تصویر نمبر 17

تصویر نمبر 18

تصویر نمبر 19

تصویر نمبر 14

تصویر نمبر 15

تصویر نمبر 12

تصویر نمبر 13

تصویر نمبر 10

تصویر نمبر 11

تصویر نمبر 8

تصویر نمبر 9

تصویر نمبر 6

تصویر نمبر 7

تصویر نمبر 4

تصویر نمبر 5

تصویر نمبر 3

تصویر نمبر 2

تصویر نمبر 1

ملتان، ایک فنکار دیوار پر پینٹنگ کر کے اپنی کاریگری کا واضح ثبوت دے رہا

نمبردار وسیم چودھری کو ایک اور اہم ذمہ داری مل گئی

نئی کمیٹی میں نامزد، عوامی شکایات کے ازالے میں کردار ادا کریں گے

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) ترلائی اسلام آباد سے تعلق رکھنے والے نمبردار وسیم چودھری جو حلقہ این اے 48 کے کوآرڈینیٹر راجہ خرم نواز کے لیے آئیسکو اور سوئی گیس کے کوآرڈینیٹر نامزد ہیں، بجلی صارفین کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے تشکیل دی جانے والی کمیٹیوں کے حوالے سے بھی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ وزارت توانائی پاور ڈویژن کے 9 اکتوبر 2026 کے مراسلے کے مطابق وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کی ہدایات پر ملک بھر میں لوڈشیڈنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

سعودی فضائی دفاعی نظام نے خمیس مشیط میں بیلسٹک میزائل مار گرایا

ریاض (آئی این پی) سعودی عرب کے فضائی دفاعی نظام نے پیر کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

نئی دلی میں اپوزیشن جماعتوں کا احتجاج، 30 ہزار پولیس اہلکار تعینات

نئی دلی (صباح نیوز) ہندوستان کے دارالحکومت نئی دلی میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

کراچی، شہری بازار میں لگے ٹھیلوں سے کتابیں خرید رہے ہیں

ایمرجنسی و گورنر راج پشاور سمیت صوبے بھر میں معمولات زندگی بحال

پشاور سمیت بیشتر اضلاع میں نجی و سرکاری تعلیمی ادارے بند امتحانات ملتوی، بی آر ٹی سروس دوسرے روز بھی معطل

ریڈ زون سیل، کنٹینرز موجود، سیکورٹی اہلکار تعینات، موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس بھی بحال، مالاکنڈ میں دفعہ 144 نافذ

پشاور (نیوز ایجنسیاں) خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد پشاور سمیت صوبے بھر میں معمولات زندگی بحال ہونے لگے، شہر کی اہم شاہراہوں پر ٹریفک رواں دواں جبکہ بیشتر کاروباری مراکز اور دفاتر کھل گئے تاہم پشاور سمیت صوبے کے بیشتر اضلاع میں نجی و سرکاری تعلیمی ادارے، کالجز اور یونیورسٹیاں بند رہیں، پشاور شہر میں بی آر ٹی سروس دوسرے روز بھی معطل رہی، جبکہ مختلف سڑکوں پر کنٹینرز سے راستے بدستور بند ہیں، باچا خان چوک، خیبر روڈ، فردوس چوک، ہشت نگری سمیت دیگر مقامات پر کنٹینرز لگا کر راستے بند کئے گئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

لائبہ کی موت پورے معاشرے کیلئے لمحہ فکریہ ہے، محمد سلیم لغاری

جعلی سٹیٹس اور انسانی اسمگلنگ میں ملوث عناصر کیخلاف سخت کارروائی ناگزیر، محمد شہباز



اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) خدمتِ انسانیت پارٹی پاکستان کے رہنماؤں محمد سلیم لغاری اور بانی ای کیو گیو این محمد شہباز نے اسلام آباد میں ہونہار گولڈ میڈلسٹ طالبہ لائبہ کی موت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5 1)

لائبہ کیس میں ملزم کی گرفتاری، آئی جی کی سی آئی اے ٹیم کو شاباشی

ملاقات کے دوران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیوں اور تفتیشی امور کا جائزہ لیا

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی کی طالبہ لائبہ اعجاز کیس میں ملوث ملزم کو گرفتار کرنے والی سی آئی اے پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے افسران میں تعریفی اسناد تقسیم کیں۔ آئی جی اسلام آباد نے ڈی ایس پی سی آئی اے سلیمان شاہ اور ان کی ٹیم سے ملاقات کے دوران جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں اور تفتیشی امور کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ جرائم کی تفتیش اور ملزمان کی گرفتاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

فاطمہ فرٹیلائزر اور حکومتِ پنجاب میں معاہدہ طے

مشترکہ تعاون کا فریم ورک موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے، عوامی آگاہی اور پائیدار ترقی کو فروغ دیگا

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری پی ٹی آئی کی جانب سے احتجاج کی فیک ویڈیوز کی حقیقت سامنے لے آئی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ جامشورو میں ایک بوائلر کی پرانی ویڈیو کو پشاور احتجاج سے منسوب کیا گیا، ایک بھارتی شہری اشوک سوان نے جنتر منتر کے احتجاج کی ویڈیو کو اسلام آباد احتجاج کی ویڈیو سے منسوب کیا۔ انہوں نے کہا کہ جعلی لیڈر شپ، جعلی انقلاب، جعلی احتجاج!، اگلی بار چاند پر بھی جلسہ کروا دینا، ناسا والی ویڈیو لگا دینا۔ ان کا کہنا تھا کہ جس صوبائی حکومت کے زیر سایہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 4)

جعلی لیڈر شپ و انقلاب، PTI نے احتجاج کی فیک ویڈیوز پھیلائیں، عظمیٰ بخاری

جامشورو میں ایک بوائلر کی پرانی ویڈیو کو پشاور احتجاج سے منسوب کیا، اگلی بار چاند پر بھی جلسہ کروا دینا، ناسا والی ویڈیو لگا دینا

بھارتی شہری اشوک سوان نے جنتر منتر کی ویڈیو کو اسلام آباد احتجاج کی ویڈیو سے منسوب کیا، وزیر اطلاعات پنجاب

یمنی ریاست کی بحالی امن اور بحری تحفظ کے لیے ناگزیر، وزیر خارجہ

عدن/ریگن (صباح نیوز) یمنی وزیر خارجہ افراح الزوبہ نے کہا ہے کہ ریاستی اداروں کی بحالی اور تمام ہتھیاروں کو ریاستی اختیار میں لانا یمن میں پائیدار امن کے حصول کی بنیاد ہے۔ انہوں نے ملک کے استحکام، علاقائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

افغان طالبان کی سرپرستی میں سرحد پار دہشتگردی پھر آشکار

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) افغان طالبان رجیم کی سرپرستی میں افغانستان سے سرحد پار دہشت گردی کے شواہد ایک بار پھر سامنے آ گئے۔ پاک فوج کے ہاتھوں افغانستان میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی تباہی اور ہلاکتوں کی عالمی سطح پر بھی تصدیق ہو گئی ہے۔ دی پالیسی ڈائجسٹ کی خصوصی رپورٹ کے مطابق امریکی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

این سی سی آئی اے کی اقرار الحسن کو گرفتار کرنے کی تردید

لاہور (صباح نیوز) نیشنل سائبر کرائمز انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے سیاسی جماعت عوام راج تحریک کے سربراہ اور اینکر پرسن اقرار الحسن کو گرفتار کرنے کی تردید کی ہے۔ این سی سی آئی اے حکام نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

لیاقت بلوچ سے رانا ثناءاللہ کا رابطہ، پٹرولیم لیوی مذاکرات پر گفتگو

وزیراعظم، امیر جماعت اسلامی پاکستان سے ملنے کے خواہش مند ہیں، معاون خصوصی

لاہور (نمائندہ شہرنامہ) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ سے وزیراعظم کے معاون خصوصی رانا ثناءاللہ خان نے ٹیلی فون رابطہ کر کے پٹرولیم لیوی مذاکرات اور وزیراعظم شہباز شریف اور امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن ملاقات کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ رانا ثناءاللہ نے لیاقت بلوچ کو بتایا کہ وزیراعظم اپنے وعدے کے مطابق حافظ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد، کنوینر شاہدہ بیگم پی اے سی کی سب کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

UN قراردادوں کی میعاد ختم نہیں ہوتی، کشمیریوں کو حق خودارادیت دیا جائے، پاکستان

جبری قبضہ اور بیانیے کی تکرار تاریخ کو کبھی بدل نہیں سکتی، کشمیر متنازع علاقہ ہے: پاکستانی مندوب کا بھارت کو کرارا جواب



اقوام متحدہ، نیویارک (کے پی آئی) پاکستان نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی ضمانت دینے والی اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی دیرینہ قراردادوں پر عمل درآمد کرائے، کیونکہ ان تاریخی قراردادوں کی کوئی ایکسپائری ڈیٹ یا میعاد ختم ہونے کی تاریخ نہیں ہوتی۔ اقوام متحدہ کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

منیر ملہوترا واقعہ ڈاکٹرز حتمی رپورٹ دینے سے گریزاں

گوجر خان (بیورو رپورٹ) تاحیات صدر گوجر خان پریس کلب و چیئرمین گوجر خان میڈیا سینٹر اخبار مارکیٹ بابائے صحافت منیر احمد ملہوترا کے بیٹے، متعدد قومی اخبارات کے نمائندہ و کوآرڈی نیٹر بار ایسوسی ایشن گوجر خان محمد یاور منیر ملہوترہ پر منصوبہ بندی کے تحت سٹی ٹریفک وارڈن افضال کے حملہ اور شدید زخمی کر کے اسکا موبائل فون چھین کر رہا ہی ٹریفک وارڈن کیساتھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

سعودی عرب کو میزائل انٹرسیپٹرز کی قلت کا سامنا: امریکی اخبار

واشنگٹن (آئی این پی) یمن کے حوثیوں کے حملوں کے باعث سعودی عرب کو میزائل انٹرسیپٹرز کی قلت کا سامنا ہے۔ امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل نے سعودی حکام کے حوالے سے رپورٹ کیا ہے کہ حوثی ملیشیا کے بڑھتے ہوئے حملوں کا مقابلہ کرنے کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2 1)

پاکستان کا لیبیا سے خام تیل درآمد کرنے پر اتفاق

ریاض (صباح نیوز) پاکستان اور لیبیا کے درمیان خام تیل کی درآمد اور دوطرفہ توانائی تعاون بڑھانے پر اتفاق ہو گیا۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے ریاض (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3 1)

ایران، سعودیہ، یمن مذاکرات میں سہولت کاری کیلئے آمادہ

تہران (صباح نیوز) ایران نے سعودی عرب اور یمن کے درمیان مذاکرات میں سہولت کاری کے لیے آمادگی ظاہر کر دی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

گورنر راج اور ایمرجنسی، نتائج پر سوالیہ نشان!

خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کا نفاذ ملک کی سیاسی تاریخ کا ایک اہم موڑ ہے۔ وفاقی حکومت نے صوبے میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال اور دہشت گردی کے خلاف مؤثر اقدامات کی ضرورت کو اس فیصلے کی بنیادی وجہ قرار دیا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے وزیراعظم کی سفارش پر آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت اس اقدام کی منظوری دی ہے جس کے نتیجے میں صوبائی حکومت کے اختیارات گورنر خیبر پختونخوا کو منتقل ہو گئے۔ وفاقی حکمنامے کے تحت گورنر وفاقی حکومت کی جانب سے صوبائی حکومت کے امور انجام دیں گے انہیں گیارہ رکنی مشاورتی کونسل کی معاونت حاصل ہوگی۔ گزشتہ روز مشاورتی کونسل کے پہلے اجلاس میں گورنر خیبر پختونخوا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ باہمی تعاون اور مؤثر تجاویز کے ذریعے صوبے کو درپیش مسائل کے حل اور عوام کی بہتری کیلئے کردار ادا کیا جائے گا۔ خیبر پختونخوا کئی برسوں سے دہشت گردی، بدامنی اور سکیورٹی کے سنگین مسائل کا شکار ہے۔ مارچ 2024ء اور ستمبر 2026ء کے درمیان خیبر پختونخوا دہشت گردی کے واقعات میں 195 فیصد اضافہ ہوا۔ ایسے حالات میں اگر صوبائی حکومت بھی اپنا کردار ادا کرنے میں ناکام رہے تو ریاست کو شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کیلئے آگے آنا تھا۔ انہی حالات کو تصور میں رکھتے ہوئے آئین پاکستان کے خالقوں نے آئین میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی گنجائش رکھی، تاکہ ریاست کے اندر بگاڑ پیدا ہونے سے روکنے کیلئے ریاست ضروری اقدامات کر سکے۔ تاہم یہ سوال اپنی جگہ اہم ہے کہ کیا گورنر راج اور ایمرجنسی کا نفاذ ان مسائل کا پائیدار حل ثابت ہوگا؟ وفاقی حکومت کا موقف ہے کہ صوبائی حکومت دہشتگردی کے خلاف جنگ میں مطلوبہ تعاون نہیں کر رہی تھی، لیکن گورنر راج کے نفاذ کے بعد وفاقی حکومت کو وہ فیصلہ کن اقدامات کرنا ہوں گے جن کے اثرات خیبر پختونخوا میں دہشتگردی کے واقعات میں کمی کی صورت میں سامنے آئیں۔ کسی صوبے میں دہشت گردی کا خطرہ بڑھ جائے اور صوبائی حکومت کا وفاق کے ساتھ مؤثر تعاون نہ ہو تو ریاستی رٹ کی بحالی کیلئے وفاقی حکومت مداخلت کر سکتی ہے تاہم ناقدین یہ خدشہ ظاہر کرتے ہیں کہ منتخب صوبائی حکومت کو معطل کرنے سے جمہوری عمل کمزور ہوگا اور سیاسی اختلافات مزید شدت اختیار کر سکتے ہیں۔ دونوں پہلوؤں کو سامنے رکھتے ہوئے یہ کہنا بجا ہے کہ خیبر پختونخوا کیلئے اس غیر معمولی فیصلے کا سب سے اہم امتحان اس کے عملی نتائج ہوں گے۔ اگر گورنر راج کے دوران دہشتگردی میں کمی، شہریوں کے تحفظ میں بہتری، پولیس کی استعداد میں اضافے اور انتظامی نظم ونسق کی بہتری کیلئے ٹھوس اقدامات کیے جاتے ہیں تو اس فیصلے کی افادیت کو ثابت کرنے کیلئے کسی دوسری دلیل کی ضرورت نہیں ہوگی۔ دہشتگردی کے خلاف کامیاب اور نتیجہ خیز کارروائیوں کیلئے مقامی آبادی کا اعتماد حاصل کرنا، متاثرہ خاندانوں کی بحالی اور نوجوانوں کیلئے مواقع پیدا کرنا ضروری ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ گورنر راج کے نفاذ کے بعد صوبائی انتظامی مشینری دہشتگردی کے اشاریوں میں کمی یقینی بنائے۔ کسی بھی ریاست کی مضبوطی کا انحصار قانون کی حکمرانی، عوامی اعتماد اور جمہوری اداروں کے استحکام پر ہوتا ہے۔ خیبر پختونخوا میں امن کا قیام قومی ضرورت ہے لیکن اس مقصد کے حصول کے لیے آئینی ضمانتوں اور شہری حقوق کا تحفظ بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ گورنر راج اور ایمرجنسی کی کامیابی کا اصل معیار یہ نہیں ہوگا کہ اختیارات کس کے ہاتھ میں ہیں بلکہ یہ کہ ان اقدامات سے دہشت گردی میں کس حد تک کمی آئی اور عوام کے تحفظ اور جمہوری نظام کی مضبوطی میں کیا پیشرفت ہوئی۔ پاکستان کو ایسی حکمت عملی درکار ہے جو امن بھی قائم کرے آئین کی بالا دستی بھی برقرار رکھے اور وفاق اور صوبوں کے درمیان اعتماد و تقویت بھی دے۔

رخت سفر

بشارت کھوکھر

پنکی کی سی ٹی ڈی کے مقدمے میں بریت کی درخواست

کراچی (نیوز ایجنسیاں) ڈرگ ڈیلر انمول پنکی نے سیشن عدالت میں سی ٹی ڈی تھانے میں درج منشیات کے مقدمے میں بھی بریت کی درخواست دائر کر دی۔ عدالت نے درخواست پر ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر جواب طلب کر لیا۔

ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی جیل میں وکلاء سے ملاقات کرانے کا حکم

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) انسداد دہشت گردی عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف بیرئیر ہٹانے کے دہشت گردی کے مقدمے میں وکلا کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5 2)

سابق صوبائی وزیر ظاہر شاہ طورو کے گھر چھاپہ، گرفتار نہ ہو سکے

پشاور (نیوز ایجنسیاں) خیبر پختونخوا کے ضلع مردان میں سابق صوبائی وزیر اور ایم پی اے ظاہر شاہ طورو کی رہائش گاہ اور حجرے پر پولیس نے چھاپہ مارا تاہم انہیں گرفتار نہ کیا جا سکا۔ پولیس چھاپے کے دوران ظاہر شاہ طورو موجود نہیں تھے۔

اسلام آباد ایکسپریس سروس روڈ منصوبے پر کام تیز کرنیکی ہدایت

چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کا سروس روڈ ایسٹ منصوبے کا دورہ

منصوبے پر پیش رفت اور تعمیراتی کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی

اسلام آباد (سردار وقار احمد): چیئرمین کنسٹیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) سہیل اشرف نے اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ ایسٹ منصوبے کا دورہ کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو تعمیراتی کاموں کی رفتار تیز کرنے اور اعلیٰ معیار کے ساتھ منصوبے کی بروقت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد چوری کی بڑی واردات ٹریس، خواتین سمیت تین ملزمان گرفتار

6 کروڑ روپے کے ہیرے زیورات اور نقدی برآمد کر لی گئی، مقدمات کا اندراج

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس تھانہ کوہسار کی ٹیم نے گھریلو چوری کی واردات میں ملوث دو خواتین سمیت تین ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 6 کروڑ روپے مالیت کے مسروقہ ہیرے طلائی زیورات اور نقدی برآمد کر لی۔ پولیس کے مطابق ملزمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7 2)

جامعہ علوم اثریہ کے سالانہ جلسہ میں علامہ حافظ عبدالحمید عامر، علامہ ناصر رحمانی، مولانا قاری خلیل الرحمن و دیگر خطاب کر رہے ہیں

یمنی حوثی باغیوں کے سعودی عرب پر حملوں کی حافظ عبدالحمید عامر مذمت کرتے ہیں

اصلاح معاشرہ میں علمائے کرام کی کاوشوں کا کوئی منصف مزاج شخص انکار نہیں کر سکتا، پروفیسر عبداللہ ناصر رحمانی

توحید کی ترویج معاشرے میں امن و سلامتی اور رحمت الٰہی کا بہترین ذریعہ ہے، قاری خلیل و دیگر کا خطاب

جہلم (نامہ نگار) یمنی حوثی باغیوں کے سعودی عرب پر حملوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، ان خیالات کا اظہار جامعہ علوم اثریہ جہلم کے مہتمم اور نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان حافظ عبدالحمید عامر نے 43ویں سالانہ جلسہ تقسیم اسناد و تقریب صحیح بخاری سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے جلسہ عام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8 2)

علامہ شبیر میثمی کی آیت اللہ حافظ سید ریاض نجفی سے ملاقات

علامہ شبیر میثمی کی محسنِ ملت مرحوم علامہ صفدر حسین نجفی کے مرقد پر حاضری، فاتحہ خوانی

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) مرکزی سیکرٹری جنرل شیعہ علماء کونسل پاکستان جحۃ الاسلام والمسلمین علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی لاہور پہنچ گئے، جہاں انہوں نے جامعۃ المنتظر لاہور میں صدر وفاق المدارس الشیعہ پاکستان بزرگ عالم دین جحۃ الاسلام والمسلمین آیت اللہ حافظ سید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9 2)

جبوتی: تارکین وطن کی کشتی اُلٹنے سے ہلاکتیں 139 تک پہنچ گئیں

جبوتی سٹی (صباح نیوز) افریقی ملک جبوتی سے یمن جانے والے تارکین وطن کی کشتی اُلٹ گئی جس کے نتیجے میں ہلاکتیں 139 ہو گئیں۔ برطانوی میڈیا کے مطابق کشتی ڈوبنے کا حادثہ 8 اور 9 اکتوبر کی درمیانی شب پیش آیا۔

صحت مند معاشرے کیلئے کھیل کا ہونا بہت ضروری، راجہ طاہر

کھیل معاشرے میں مثبت سرگرمیوں میں مصروف رکھنے کا اہم زریعہ ہے

اڈیالہ (نامہ نگار) صحت مند معاشرے کے لیے کھیل کا ہونا بہت ضروری ہے۔ کھلاڑیوں کے دم سے کھیل کے میدان آباد ہیں۔ کھیل معاشرے میں مثبت سرگرمیوں میں مصروف رکھنے کا اہم زریعہ ہے نوجوانوں کو صحت مند زندگی گزارنے کیلئے کھیل اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ پوزیشن ہولڈر کھلاڑیوں کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ ان خیالات کا اظہار راجہ طاہر رہنما مسلم لیگ ن یونین کونسل ترابیہ نے سپر فور شوٹنگ والی بال ٹورنامنٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

گورنر راج بنیادی جمہوری اصولوں کے منافی، جاوید انتظار

جس آئینی ترمیم میں رائے عامہ پر ریاستی تسلط کا تاثر ہو اسے ختم کرنا ہوگا

اسلام آباد (پ ر) صوبہ کے پی کے میں گورنر راج کا مفاد بنیادی جمہوری اصولوں سے منافی آئینی عمل ہے۔ جس آئینی ترمیم میں رائے عامہ پر ریاستی تسلط کا تاثر ہو اسے ختم کرنا ہوگا۔ چیئرمین اسلام آباد آزاد گروپ جاوید انتظار نے عوامی بیٹھک ستارہ مارکیٹ میں متفرق الخیال پیپلز پارٹی، تحریک انصاف سمیت لیبر لیڈر شپ سے ملاقاتوں میں کہا کہ اسلام آباد آزاد گروپ کے پی کے میں گورنر راج نافذ کرنے کی حمایت نہیں کرتا۔ تاہم ریاست سے صوبوں کو قطع تعلق کرنے کی کوشش اور سوچ کی حمایت نہیں کرتا۔ اسلام آباد آزاد گروپ وفاقی دارالحکومت کی عوام کو بلدیاتی انتخابات میں بااختیار بنانے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

ذکر مصطفیٰ سے دلوں کو سکون ملتا ہے، انوار شاہ ہمدانی

ہماری خوش بختی کہ سید الطاف شاہ کاظمی جیسی شخصیت سے نعت سننے کو ملی ہے

اڈیالہ (نامہ نگار) ذکر مصطفیٰ سے دلوں کو سکون ملتا ہے۔ نعت گوئی اور ثناء خوانی بہت عظیم منصب ہے۔ مدینہ شریف کی سرزمین پر نعت رسول مقبول پڑھنے اور سننے کا سرور بیان سے باہر ہے۔ ہماری خوش بختی ہے سید الطاف حسین شاہ کاظمی جیسی شخصیت سے نعت شریف سننے کو ملی ہے۔ ان خیالات کا اظہار صاحبزادہ حاجی سید انوار حسین شاہ ہمدانی (بانی و مہتمم جامعہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا و جامعہ انوار المصطفیٰ اڈیالہ روڈ راولپنڈی) نے عمرہ کیلئے مدینہ شریف میں موجود محفل نعت کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر آمدہ چلیس گروپ کے ممبران اور اہل محبت بھی موجود (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

اڈیالہ، انوار حسین شاہ ہمدانی اور شاعر سید الطاف شاہ کاظمی و دیگر کا مدینہ منورہ میں گروپ فوٹو

لیبر یونین کے وفد کی ملک اخلاق کو مبارکباد

بطور ڈائریکٹر واٹر سپلائی تعیناتی نیک شگون قرار دیدیا

اسلام آباد (پ ر) ملک اخلاق کو ڈائریکٹر واٹر سپلائی کا منصب سنبھالنے پر سی ڈی اے لیبر یونین امان اللہ خان گروپ کے پریس سیکرٹری قاری آصف محمود الخیری، آفس سیکرٹری اسلام خان اور سینئر رہنما عابد عباسی نے مبارکباد پیش کی ہے اور ان کی تعیناتی کو ادارے کیلئے نیک شگون قرار دیا ہے گزشتہ روز قاری آصف محمود الخیری دیگر ساتھیوں کے ہمراہ ملک اخلاق سے ملاقات کی اور انہیں ڈائریکٹر واٹر سپلائی کا منصب سنبھالنے پر دلی مبارکباد پیش کی رہنماؤں نے پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور مٹھائی کھلا کر اپنی خوشی، محبت اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ سی ڈی اے ایمپلائز رہنماؤں نے اس امید کا اظہار کیا کہ ملک اخلاق اپنی خداداد صلاحیتوں، پیشہ ورانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)